# مانمن خبریں

نمبر76_ 21 اکتوبر 2018


# خدا کی محبت نے ہمارے دل شاد کر دیئے!

## 2018 سمر بائبل سکول، بچوں کی آسمانی ضیافت



29 جولائی سے یکم اگست 2018 میں بچوں کے سنڈے سکول نے 2018 سمر بائبل سکول سیزن مرکزی چرچ میں منعقد کیا اور اسے جی سی این سے براہِ راست نشر کیا گیا۔

### خدا کے کلام اور دعا کے ساتھ بچے خداوند کے مشابہ بنتے جاتے ہیں

2018سمر بائبل سکول کا آغاافتتاحی عبادت کے ساتھ ہوا جہاں ریورنڈ ڈاکٹر سُو جِن لی نے پیغام پیش کیا۔ ان کےپیغام اور بائبل سٹڈی کے دوران مانمن چلڈرن نے پوری روح کے بارے میں سیکھا(1- تھسلنیکیوں 5: 23)، یہ ایسا تقدیس شدہ دل ہوتا ہے جو خدا کی بھلائی اور محبت سے بھرپور ہو۔ پاک روح سے معموری کی دعائیہ عبادت میں انہوں نے پوری جذبے کے ساتھ دعا بھی کی کہ نیک اور خوبصورت دل پائیں۔

پروگرام میں شریک بچوں نے ارادہ کیا کہ ایمان میں بڑھیں گے اور خدا کے کلام پر توجہ مرکوز رکھتے ہوئے اور دعاؤں کے وسیلہ سے پاک روح کی معموری پا کرآسمان کی بہترین سکونت گاہ نئے یروشلیم میں داخل ہوں گے۔

### بچوں نے حمد و ثنا اور اپنی لیاقت کے ساتھ خدا کو جلال دیا

پاسٹر منکیونگ چو، پرنسپل پاسٹر چلڈرنز سنڈے سکول نے "پاور جیزز" پروگرام کی قیادتت کی۔ بچوں نے اپنی شکر گزاری اور محبت خداوند کے حضور پیش کرنے کیلئے رقص کیا اور اپنی پاک اور معصوم آوازوں میں حمد و ثنا کی۔

علاوہ ازیں، 11 واں مانمن چلڈرنز ٹیلنٹ شو بھی منعقد کیا گیا جس میں سات ٹیموں نے شرکت کی۔ انہوں نے موسیقی، عبادتی رقص، ساز بجانا، گائیکی، جاز رقص اور تفریحی رقص پیش کیا۔ بڑا ایوارڈ شیفرڈز فروٹ ٹیم (ماسان) کو ملا، سونے کا ایوارڈ جیولری ٹیم (گیومی) کو، چاندی کا ایوارڈ وکٹری ٹیم (سیئول) کو، اور کانسی کا ایوارڈ سمپفنی اینسیبل (سیئول) کو پاپولیرٹی ایوارڈ ٹوئینکل ٹیم (ڈے جی اون) کو دیاگیا (تصویر نمبر 1-2)۔

### بچے خداوند میں نشو و نما پاتے ہیں

علاوہ ازیں، تخلیقِ نو کی قدرت کی تصاویر پر مبنی ایک تصویری نمائش بھی ہوئی جس میں سینئر پاسٹر ڈاکٹر جے راک لی کی دعا سے ہونے والی شفاؤں کی تصویری گواہیاں سامنے احاطہ میں رکھی گئی تھیں۔ احاطہ میں بچوں کو آسمانی عجائب دیکھنے کا موقع بھی ملا، انہوں نے تصویری نمائش کے مقام پر تصویری کھینچیں جن سے ان کو آسمان کی یاددہائی ہوئی، اور وہ پاپ کارن کے ساتھ لطف اندوز ہوئے۔ پری سکول اور پہلی جماعت کے بچوں نے بھی "یوسف کا سفر" نام سے سرگرمی میں شرکت کی، اور بڑے بچوں نے "ہم باپ کا پھل ہیں" نامی سرگرمی میں حصہ لیا جہاں انہوں نے خوشی کے گیت گائے، رقص کیا، سوالات کے جواب دیئے اور انعامات پائے۔ وہ جماعت کے لحاظ سے مختلف سرگرمیوں میں مصروف رہے۔

# ابنِ آدم کا گوشت کھانا اور خون پینا (2)

"یسوع نے ان سے کہا میں تم سے سچ کہتا ہوں کہ جب تک تم ابنِ آدم کا گوشت نہ کھاؤ اور اس کا خون نہ پیو تم میں زندگی نہیں۔
جو میرا گوشت کھاتا اور میرا خون پیتا ہے ہمیشہ کی زندگی اس کی ہے اور میں اسے آخری دن پھر زندہ کروں گا۔ کیونکہ میرا گوشت فی الحقیقت کھانے کی چیز اور میراخون فی الحقیقت پینے کی چیز ہے" (یوحنا 6: 53-55)۔

جسمانی زندگی کو برقرار رکھنے کیلئے کوئی شخص لازماً خوراک کھاتا ہے اور اپنے بدن میں پانی کی مقدار پوری رکھتا ہے۔ پانی غذایت کو ہضم ہونے اور جذب کرنے میں مدد دیتا ہے اور غیر ضروری مواد کے اخراج کواور زہریلے مواد کو بدن سے خارج ہونے میں مدد دیتا ہے۔

ہم ابنِ آدم کا گوشت کیسے کھا سکتے اور خون کیسے پی سکتے ہیں؟ گزشتہ موضوع سے تسلسل کے ساتھ، آئیں ہم اس موضوع پر گہرائی میں غور کریں۔

## 1-ہمیں چاہئے کہ ابنِ آدم کے گوشت کو روز کی روٹی بنائیں

ابنِ آدم کا گوشت کھانا اور اس کی روٹی بنانا ہم سے تقاضہ کرتا ہے کہ ابنِ آدم خون بھی پئیں۔ دوسرے لفظوں میں، ضرور ہے کہ ہم نہ صرف خدا کے کلام کو سن سن کر اور پڑھ پڑھ کر علم کو بڑھائیں، بلکہ ہم خدا کے کلام کو روز مرہ کی روٹی بنائیں تا کہ یہ ہمارے دلوں پر نقش ہو جائے۔ پھر، دل میں خدا کے کلام کو روٹی بنانے میں اور خدا کے کلام کو دل میں ذخیرہ کر لینے میں کیا فرق ہے؟

دماغ میں ذخیرہ شدہ کوئی بھی یادداشت ختم ہو سکتی ہے، اور محض اس وجہ سے کہ ہم "سچائی" کو جانتے ہیں اس بات کی لازم ضمانت نہیں ہے کہ ہم سچائی کے مطابق عمل بھی کریں گے۔ بائبل مقدس کی تلاوت کرنے سے ضرور ہے کہ ہم آیات کو حفظ بھی کریں اور اپنے ہونٹوں سے بولیں لیکن یہ کوشش بھی کریں کہ اس پر غور و خوص بھی کریں۔ مثال کے طور پر، اگر ہم آیت حفظ کر لیتے ہیں متی 5: 44، جس میں لکھا ہے کہ، "لیکن میں تم سے یہ کہتا ہوں کہ اپنے دشمنوں سے محبت رکھو اور اپنے ستانے والوں کے لئے دعا کرو"۔ پھر، ضرور ہے کہ ہم ان باتوں کو عملاً اپنی زندگی میں رکھ سکیں۔

جب کوئی ہمیں برا کہتا اور ہم پر تشدد کرتا ہے تو خدا کے کلام کے مطابق ہم اس کے ساتھ محبت دکھانے کے اور یہاں تک کہ اس کے لئے دعا کرنے کے لائق ہوتے ہیں۔ اگر ہم خدا کے حکم کو محض علم کے طور پر ذہن میں رکھیں تو ہمارے دل پریشان ہوں گے اور ہم شاید دوسروں سے نفرت کریں اور آخر کار برائی کا بدلہ برائی کے ساتھ دیں گے۔ تو بھی اگر ہم اس خاص حکم کو روز کی روٹی بنا لیں، محبت اور رحم ہمارے اندر سے اٹھیں گے اور ہم نفرت اور غصہ سے آزاد ہوں گے۔ جب ہم مسلسل خاکساری کی روٹی بنائیں گے تو گھمنڈ سے نجات مل جائے گی۔

## 2-ہمیں ابنِ آدم کا خون ساتھ پینا چاہئے

ہم جب خدا کے کلام کو روز کی روٹی بناتے ہیں تو ہم سے تقاضا یہ ہے کہ نہ صرف کلامِ مقدس کو پاک روح کی تحریک کے ساتھ سمجھیں بلکہ جانفشانی اور دل جمعی کی دعا کے وسیلہ سے خدا کے فضل کو پانے کو بھی سمجھیں۔ علاوہ ازیں اس مرحلہ پر ہر شخص کی طرف سے کلامِ مقدس پر مناسب ایمان رکھ کر اس پر عمل کی کوشش نہایت اہمیت کی حامل ہے۔ یہ ابنِ آدم کا خون پینے کا عمل ہے۔

لہذا، "ابنِ آدم کا خون پینا" خدا کے کلام پر عمل کی طرف اشارہ کرتا ہے۔ خدا کے کلام کو چار درجات میں تقسیم کیا جا سکتا ہے۔ اس میں ہے "مانو"، "دور کرو" "کرو" اور "نہ کرو" اور



بزرگ پاسٹر ڈاکٹر جے راک لی

ہمیں ان میں سے ہر ایک کو ماننا اور فرمانبرداری کرنا ہے۔

اگر فرمانبرداری کے اعمال نہ ہوں گے تو پہلی بات یہ کہ ہم خدا کے کاموں کا تجربہ نہیں پا سکیں گے اور خدا کے کام کا تجربہ پائے بغیر ہم ایمان سے آگے نہیں بڑھ سکیں گے جو محض علم ہے۔ یعقوب 2: 22 ہمیں بتاتی ہے کہ، "پس تو نے دیکھ لیا کہ ایمان نے اس کے اعمال کے ساتھ مل کر اثر کیا اور اعمال سے ایمان کامل ہوا"۔ جب ہم خدا کو عمل والا ایمان دکھائیں تو علم کی حالت سے ایمان بدل کر روحانی ایمان بن جائے گا۔

ابتدا میں اگر کسی کا ایمان رائی کے دانے کی طرح چھوٹا ہی کیوں نہ ہو، جب وہ خدا کو اپنے ایمان کے اعمال دکھاتا رہے تو خدا اسے اپنے فضل کا اور قدرت کاتجربہ پانے کا موقع دے گا تا کہ اُس کے ایمان کی نشو و نما ہو اور وہ بڑا ایمان بن جائے۔ جب ہم خدا کے کلام پر بھروسا کرتے ہیں اور اسے عمل میں لاتے ہیں تواپنی زندگیوں کے ہر لمحہ میں ایمان کا وہ درجہ پائیں گے جو مسیح کے قدر کے اندازے کے مطابق ہے (افسیوں 4: 13)۔

دوسری جانب، پاک روح پانے کے بعد بھی اگر ہم اپنے رائی کے دانے برابر ایمان کو عمل میں نہیں ڈھالتے تو ہم کبھی روحانی تجربات پانے کے یا اپنے دلوں کو بدلنے کے لائق نہیں ہو سکیں گے خواہ ہم مسیح کے ساتھ کتنی ہی طویل زندگی کیوں نہ گزاریں۔ بُرے حالات میں اس کو تسلیم کرتے ہوئے شاید ہم سے ہمارا ایمان کوئی چھین لے اور ہم ایمان کے دائرے سے بالکل ہی باہر نکال دیئے جائیں، میں آپ پر زور دیتا ہوں کہ ابنِ آدم کا خون پی کر اپنے ایمان کو کامل کریں۔

## 3-نجات، ابدی زندگی، دعاؤں کا جواب اور برکات پانے کیلئے ہمیں اعمال والا ایمان رکھنا چاہئے

اگر آپ خدا کے ان وعدوں پر بھروسا رکھتے ہیں جو بائبل مقدس میں درج ہیں، تو آپ کا ایمان کے ساتھ یقینا جوابی اعمال بھی شامل ہوں گے۔ فرض کریں آپ سے کوئی کروڑوں کے خزانے کا وعدہ کرے جو واشنگٹن ڈی سی میں پڑا ہے۔ اور وہ آپ سے کہے کہ اگر آپ وہاں نیویارک سے وہاں تک ساراراستہ چل کر جائیں، جو لگ بھگ 331 کلومیٹر کا سفر ہے (تقریبا 206 میل) اور پیدا جائیں تا کہ اسے حاصل کر سکیں۔ اگر آپ واقعی خزانہ پانا چاہتے ہیں اور جس شخص نے آپ کو اطلاع دی ہے وہ قابلِ اعتبار ہے، تو آپ نیویارک سے واشنگٹن تک ضرور چلیں گے۔

اسی وجہ سے یعقوب 2: 26 آیت کا دوسرا نصف حصہ ہمیں یاد دلاتا ہے کہ "ایمان بھی بغیر اعمال کے مردہ ہے"۔ اکثر لوگ اپنے ہونٹوں سے اقرار کرتے ہیں کہ "میں قادرِ مطلق خدا پر ایمان رکھتا ہے" لیکن چونکہ وہ پوری طرح ایمان نہیں رکھ سکتے، اس لئے وہ اس طرح کا ایمان نہیں دکھا سکتے جس میں اعمال شامل ہوں۔ جیسے ہم خدا کے کلام میں دیکھتے ہیں، صرف روحانی ایمان میں ہی اعمال شامل ہو سکتے ہیں اور وہ ہمیں نجات دے سکتے ہیں اور خدا کی برکات اور ہماری دعاؤں کا جواب مل سکتا ہے۔

بعض لوگ رومیوں 10: 30 پڑھتے ہیں جو ہمیں بتاتی ہے کہ "جو کوئی خداوند کا نام لے گا وہ نجات پائے گا" صرف اس بحث کے لئے کہ اگر لوگ گناہ میں بھی زندگی گزار رہے ہوں تو صرف اپنے ایمان کا اقرار کر کے نجات پا سکتے ہیں۔ وہ اپنی گنہگار راہوں کو جائز قرار دینے کی کوشش کرتے ہیں۔ تو بھی، یہ خاص آیت خدا کی لامحدود محبت کی علامت ہے جس نے یسوع مسیح کے وسیلہ سے گنہگاروں کو نجات دی ہے اور بُرے لوگوں کے کام کو جائز بنانے کیلئے اس آیت کا استعمال نہیں کرنا چاہئے۔

جیسا کہ خدا کا کلام ہمیشہ سے متوازن ہے اور اسے متوازن ہی رکھنا چاہئے،لازم ہے کہ ہم بائبل مقدس کی ہر آیت کو سیاق و سباق میں دیکھیں اور کلامِ مقدس کی تشریح پاک روح کی تحریک سے کی جائے تو درست سمجھ پیدا کرے گی۔ رومیوں 10: 9-10 ہمیں بتاتی ہے کہ، "اگر تُو زاپنی زبان سے یسوع کے خداوند ہونے کا اقرار کرے اور اپنے دل سے ایمان لائے کہ خدا نے اسے مردوں میں سے جِلایا تو نجات پائے گا کیونکہ راست بازی کے لئے ایمان لانا دل سے ہوتا ہے اور نجات کے لئے اقرار منہ سے کیا جاتا ہے"۔ رومیوں 10: 13 کا اصل مطلب یہ ہے کہ صرف اُن لوگوں کے ہونٹوں سے اقرارنجات پر منتج ہو گا جو راستبازی تک پہنچتے ہیں۔

پھر، جب بائبل مقدس ہمیں کہتی ہے کہ "راستبازی کے لئے ایمان لانا دل سے ہوتا ہے" تو اس کا کیا مطلب ہے؟ ہم رومیوں 2: 13 میں پڑھتے ہیں کہ، "کیونکہ شریعت کے سننے والے خدا کے نزدیک راستباز نہیں ہوتے بلکہ شریعت پر عمل کرنے والے راست باز ٹھہرائے جائیں گے"۔ دیگر الفاظ میں، جب ہم اپنے دل سے خدا کے کلام پر سچا ایمان رکھتے ہیں جو ہم سنتے ہیں، تو ہم اُس کے کلام کے مطابق زندگی گزاریں گے اور یہ بات ہمیں راستباز ٹھہرانے کا سبب بنے گی اور جواب میں اس کا نتیجہ راستبازی کی صورت میں نکلے گا۔

مسیح میں عزیز بھائیو اور بہنو!، ابنِ آدم کا گوشت اور خون پورے جذبے کے ساتھ کھانے اور پینے کے وسیلہ، میں خداوند کے نام میں دعا کرتا ہوں کہ آپ خدا کو ایسے ایمان کے ساتھ پسند آئیں جو اعمال کے ساتھ پورا ہوتا ہے اور اپنی زندگی کے تمام تر شعبہ جات میں خوشحال ہوں!

Urdu
مانمن خبریں
شائع کردہ مانمن سینٹرل چرچ
نمبر3-235گرو ڈونگ3، گرو ۔گو، سیول کوریا(08389)
فون82-2-818-7047 فیکس82-2-818-7048
ویب سائٹwww.manmin.org/english
www.manminnews.com
ای میلmanminen@manmin.kr
ناشر:ڈاکٹر جے راک لی
مدیرِ اعلیٰ:سینئیر ڈیکنیس گیومسُن وِن


### ایمان کا اقرار

1۔مانمن سینٹرل چرچ کا ایمان ہے کہ بائبل مقدس خدا کے منہ سے نکلا ہوا کلام ہے اور یہ کامل اور بے نقص ہے ۔
2۔مانمن سینٹرل چرچ خدائے ثالوث :خدا باپ، خدا بیٹا، اور خدا روح القدس کی یکتائی پر ایمان رکھتا ہے ۔
3۔مانمن سینٹرل چرچ کا ایمان ہے کہ ہمیں صرف اور صرف یسوع مسیح کے نجات بخش لہو کے وسیلہ گناہوں کی معافی ملی ہے۔
4۔مانمن سینٹرل چرچ یسوع مسیح کے مردوں میں سے جی اٹھنے اور آسمان پر اٹھائے جانے پر ، اُس کی آمدِ ثانی پر، ہزار سالہ بادشاہی پر اور ابدی آسمان پر ایمان رکھتا ہے۔
5۔مانمن سینٹرل چرچ کے ارکان جب بھی جمع ہوتے ہیں "رسولوں کا عقیدہ" پڑھ کر ایمان کا اقرار کرتے ہیں اور اِس میں شامل باتوں پر حرف بہ حرفی یقین رکھتے ہیں۔

"وہ(خدا ) توخود سب کو زندگی اور سانس اورسب کچھ دیتا ہے"۔(اعمال25:17)
"اور کسی دوسرے کے وسیلہ نجات نہیں کیونکہ آسمان کے تلے آدمیوں کو کوئی دوسرانام نہیں بخشا گیا جس کے وسیلہ سے ہم نجات یں"۔(اعمال12:4)

# "میں بہرہ پیدا ہوا تھا لیکن مجھے قوتِ سماعت مل گئی اور اب مجھے لقوہ سے بھی شفا مل گئی ہے!"

بھائی ایلوس نیب جِس، عمر23، لاتوایا ڈیف مانمن چرچ



میں بہرہ پیدا ہوا تھا۔ آٹھ سال کی عمر میں، مجھے لقوہ ہو گیا جب مجھے دائیں گال پر ایک رشتہ دار نے کھیل کے دوران مارا۔ چہرہ زخمی ہونے کی وجہ سے یہ چہرے کا لقوہ ہو گیا تھا۔ مجھے بتایا گیا کہ یہ بار بار ہو گا۔ ادویات اور علاج کے بعد لقوہ کی علامات بہتر ہو گئیں، لیکن 16 سال کی عمر میں دوبارہ ہو گیا۔ مجھے اس سے شفا پانے میں خاصا وقت لگا۔

اپریل 2016 میں میں نے ڈاکٹر جے راک لی کے بارے میں اپنے ایک دوست سے سنا۔ اس نے کہا کہ سینئر پاسٹر کے وعظ زندگی اور فضل سے بھرپور ہوتے ہیں۔ میں نے اشاروں کی زبان میں ہونے والی عبادت میں نیفسس ملٹی پوائنٹ ویڈیو کانفرنسنگ کے ذریعہ شرکت کا آغاز کیا۔ وعظ واقعی بہت واضح اور قدرت بھرا تھا اور کئی لوگوں کو لاعلاج اور عارضی بیماریوں سے شفا ملی۔ سب سے بڑھ کر یہ کہ مجھے بہت حیرت ہوئی کہ کئی بہرے لوگوں کی قوتِ سماعت بحال اور بہتر ہو گئی تھی۔

اگست 2017 میں، میں نے مانمن سمر ریٹریٹ میں بڑے جذبے کے ساتھ حصہ لیا۔ میں شخصی طور پر قدرت بھرے کام دیکھ کر بہت حیران ہوا۔ مزید برآں، سینئر پاسٹر سے دعا کروانے کے بعد میں نے خود بھی سماعت کی لیاقت پا لی اگرچہ پہلے میں پوری طرح سے بہرہ تھا۔ میری دائیں کان کی سننے کی طاقت بھی ہر بار بہتر سے بہتر ہوتی گئی۔ میں بہت حیران تھا۔ کئی دیگر بہرے لوگوں کو بھی میرے علاوہ شفا ملی اور خدا کو جلال دیا۔

◆



اپریل 2018 میں، میری خواہش تھی کہ زیادہ منظم انداز سے سینئر پاسٹر کا وعظ سنوں اور میں پاسٹر جُنگھون جی سے پینانگ مانمن ڈیف چرچ ملائشیا میں ملاقات کے لئے گیا۔ میں نے پیغامات پڑھے اورچرچ کی تمام عبادات اور دعائیہ میٹنگز میں شرکت کی۔کئی عبادات میں جب میں نے چرچ اراکین کے ساتھ رفاقت رکھی تو درست مسیحی زندگی کے بارے میں بہت کچھ سیکھا۔

لیکن جب میں اپریل 2018 کے اواخر میں تھائی لینڈ میں مقیم تھا اور ہاتائی مانمن ڈیف چرچ کی 8 ویں سالگرہ میں شرکت کی، تو ایک بار پھر میرے چہرے پر لقوہ کا حملہ ہوا۔ میں ایک لمحہ کیلئے بہت پریشان ہوا لیکن جلد ہی پاسٹر جی سے رومالوں والی دعا کروائی جس پر پر ڈاکٹر جے راک لی نے دعا کی ہوئی تھی (اعمال 19: 11-12)۔ دعا کے بعد میرا لقوہ دو ہفتہ کے اندر ٹھیک ہو گیا ور میں بالکل عمومی حالات میں آ گیا۔

لاتوایا میں واپس آ کر میں نے لاتوایا مانمن ڈیف چرچ کے اراکین کے سامنے اپنے گواہی دی اور لوگوں کو انجیل کی بشارت دینے کی کوشش کی۔ میں سارا جلال خدا کو دیتا اورخداوند کا شکر گزار ہوں۔ میں سینئر پاسٹر کیلئے بھی شکریہ کا اظہار کرتا ہوں۔



# "میرا بچہ ڈاؤن سنڈروم کی وجہ سے شدید خطرے میں تھا لیکن اب نارمل ہو گیا ہے!"

ڈیکنیس ہیریم چو، عمر 28 سال، پیرش12، مانمن سینٹرل چرچ

جون 2017 میں، مجھے یہ جان کر خوشی ہوئی کہ میں اپنے پہلے بچے کیلئے حاملہ تھی۔ 24 اکتوبر کو یعنی 17 ویں ہفتہ میں اور حمل کے 13 ویں ہفتہ میں خون کے نمونے ٹیسٹ کے لئے گئے، بہرحال یہ رپورٹ ملی کہ بچے کو ڈاؤن سنڈروم کا شدید خطرہ لاحق ہے۔ جب یہ خدشہ 270/1 سے زیادہ ہو تو عموماً مکمل ڈاؤن سنڈروم ہوتا ہے۔ لیکن میرے بچے کی رپورٹ 5/1 تھی، جو یقیناً بہت زیادہ شرح تھی۔ میں بہت پریشان ہوئی اور اُس لمحہ میرے بہت آنسو بہے، لیکن میں نے یہ سوچا کہ میری پریشان ہونے کی کوئی وجہ نہیں ہے کیونکہ خدا زندہ ہے۔

◆

میں نے جی سی این کے ذریعہ ایمان کے وسیلہ سے ڈاکٹر جے راک لی سے بیماروں کے لئے کی جانے والی دعا کروائی اور اگلے دن دوبارہ ٹیسٹ کروائے۔ ٹیسٹ کے بعد، میں نے ڈیوائن ہیلنگ میٹنگ مانمن دعائیہ مرکز میں شرکت کی اور جانا کہ مجھے اپنے شوہر کے لئے روحانی محبت پانے کی ضرورت ہے اور ایک دوسرے کی خدمت کرنی چاہیۓ۔ میں چاہتی تھی کہ میرے حمل کے دوران شوہر میری بہت اچھی دیکھ بھال کرے، لیکن میں نے ایسی خود غرضی کی سوچ سے توبہ کی۔ میں نے اُس کا خیال رکھتے ہوئے گھر کی صفائی بھی خود ہی کی کیونکہ کام سے واپس آنے پر وہ بھی تھک جاتے ہوں گے اور میں نے بہت نیک نیتی اور محبت کے ساتھ ان کی خدمت کی۔

اس کے علاوہ میں تمام عبادات، دانی ایل دعائیہ میٹنگ،منگل کی ڈسٹرکٹ دعائیہ میٹنگ، سیل سروس، خصوصی دعائیہ میٹنگ میں بھی شرکت کی۔ میں نے پورے جذبے کے ساتھ دعا کی اور اپنی وفاداری کا اظہار کیا۔ علاوہ ازیں میں نے اپنے ماضی پر نظر کی کہ شوہر ڈیکن چُلھو چوکے ساتھ کیسی زندگی گزاری تھی کیونکہ ہم جانتے تھے کہ بچے کی بیماری اس کے والدین کے گناہ کے باعث ہوتی ہے۔ میں نے توبہ کی کہ میں دعا نہیں کرتی تھی اور خدا کے کلام کے مطابق زندگی نہیں گزارتی تھی اور دنیا کو عزیز رکھتی تھی، میں نے خدا کے فضل اور رحم کی درخواست کی۔

پھر، مجھے یقین ہو گیا کہ جواب ملے گا۔ میں نے سارا دل جی سی این پر سینئر پاسٹر کے وعظ سنے۔ میں اپنے بچے کو بھی سناتی تھی۔ میں قدرت والے رومال اپنے پیٹ پر رکھ کر دعا کرواتی تھی جب وہ جی سی این پر نشر کی جاتی تھی (اعمال 19: 11-12)۔ میرے پیرش کے پاسٹر، ڈسٹرکٹ لیڈرز اور دیگر خدمت کرنے والوں نے محبت کے ساتھ میرے بچے کے لئے دعا کی۔


◆

7 نومبر، کو ٹیسٹ کے نئے نتائج آئے۔ مجھے ہسپتال سے معلوم ہوا کہ میرا بچہ بالکل ٹھیک ہے۔ دانی ایل دعائیہ میٹنگ میں اپنے شوہر کے ساتھ اُس رات میں نے شکر گزاری کے بہت آنسو بہائے۔

17 دسمبر کو میں نے سینئر پاسٹر سے کہا، "ایمان کے وسیلہ سے میرے بچے کو ڈاؤن سنڈروم سے شفا مل گئی ہے! "وہ بہت خوش ہوئے اور میری حفاظت اور سہل زچگی کیلئے دعا کی۔ 27 ماچ 2018، میں نے بہت آسانی سے بچے کو جنم دیا جو محفوظ تھا جیسا کہ میرے لئے دعا کی گئی تھی۔ ہالیلویاہ!

میرے خاندان کیلئے روحانی بیداری کا یہ نہایت اچھا موقع تھا۔ ہم نے خدا اور خداوند کی گہری محبت کو محسوس کیا جو چاہتا ہے کہ ہم نئے یروشلیم کی طرف جانفشانی سے دوڑتے رہیں جو آسمان کی سب سے بہترین سکونت گاہ ہے۔ میں سارا جلال خدا کو دیتی اور شکر گزار ہوں جس نے مجھے شفا دی اور اپنا دلی شکریہ سینئر پاسٹر کو پیش کرتی ہوں جنہوں نے محبت کے ساتھ میرے لئے دعا کی۔

## حمل کے دوران سکریننگ ٹیسٹ




دعا سے پہلے: ماں کے خون سے بچے کے ڈی این کے ٹکڑے کے ٹیسٹ کا نتیجہ جس میں اسے ڈاؤن سنڈروم بتایا گیا تھا۔



دعا کے بعد: ڈاکٹر جے راک لی کی دعا کے بعد بچے کی بالکل ٹھیک پیدائش ہوئی۔



# "مجھے دل کے عارضہ سے شفا ملی اور صدارتی تحسین بھی ملی"

ایلڈر کیہو کم، عمر63 سال، پیرش 23، مانمن سینٹرل چرچ

میں نے اور میری بیوی نے سینئر پاسٹر ڈاکٹر جے راک لی کی گواہیوں کی یادداشت "موت سے پہلے ابدی زندگی کا مزہ" سے بہت فضل پایا اور اس چرچ میں آ گئے۔ عبادت گاہ ایسی تھی کہ میری بیوی نے تین بات اپنے منت کی دعا کے دوران خواب بھی دیکھی تھی۔

ہمیں خدا کی طرف سے راہنمائی کا پورا یقین تھا اور ہم نے مئی 1991 میں مانمن میں رجسٹریشن کروائی۔ سینئر پاسٹر کے وعظ نے میری روحانی پیاس کو تسکین دی اور ہم نے خداوند کا دن ماننا شروع کیا، اور پوری دی یکی دیتے ہوئے خدا کے کلام کی فرمانبرداری کی۔

♦

2001 میں مجھے دوسروں کے ساتھ تعلق اور رشتہ کی وجہ سے ذہنی کوفت شروع ہوئی۔ ایک رات میں نے محسوس کیا کہ کوئی چیز میرے دل میں سے باہر آ رہی ہے۔ میری دھڑکن بے ترتیب ہو گئی اور تیز چلنے لگی اور مجھے سانس لینے میں مشکل پیش آئی۔ میں سانس نہیں لے سکتا تھا۔

مجھے سینئر پاسٹر کی آٹو میٹک جواب دینے والے سسٹم پر بیماریوں کیلئے کی گئی دعا یاد آئی۔ جب میں نے کئی بار دعا کروائی تو میرے سانس پہلے کی طرح بحال ہو گئی۔ پھر، میں گہری نیند سو گیا۔ میرے خواب میں سینئر پاسٹر سفید طبّی لباس میں ظاہر ہوئے اور انہوں نے آپریشن والے دستانے پہنے ہوئے تھے۔ تین بار انہوں نے میرے سینے پر زور سے دباؤ ڈالا ایسے جیسے میری سی آر پی کر رہے ہوں۔

اس سے اگلے دن، میں معائنہ کیلئے ہسپتال گیا۔ ڈاکٹر نے بتایا کہ مجھے دل کا عارضہ ہوا تھا اور امکان تھا کہ یہ دوبارہ بھی ہو۔ بہرحال، میں سترہ 17 سال سے بغیر کسی پریشانی کے صحت مند زندگی گزار رہا ہوں۔ ہالیلویاہ!

♦

جب مجھے یہ تجربہ ہوا، تو میرے دل کی تجدید ہو گئی اور میں ایسی زندگی کیلئے خداوند کا بہت شکر گزار ہوں جو اس نے مجھے دی۔ شکر گزار دل کے ساتھ میں نے رضاکارانہ طور پر اِلسان کی مقامی عبادت گاہ کیلئے اراکین کو مفت سواری فراہم کرنا شروع کر دی، اور خدا کی طرف سے ڈسٹرکٹ لیڈر ہونے کا فرض بھی مِلا۔ میری بیٹی سسٹر ماریا کم کو بھی سینئر پاسٹر کی دعا کے وسیلہ سے ریڑھ کے مہروں کی شدید تکلیف سے شفا ملی۔ میری بیوی سینئر ڈیکنیس حواجا لی بغیر کسی بیماری کے بطور ڈسٹرکٹ لیڈر خدمت کرتی تھی۔ میرا خاندان شادمانی اور خوشی سے بھرپور ہے۔

حادثات اور آفتوں سے بھرپور اس دنیا میں، ہم بغیر کسی پریشانی کے خداوند میں زندگی گزار رہے ہیں۔ اس سال، مجھے ایک اور بڑی برکت ملی۔ گزشتہ 28 سال سے میں کوریا فاریسٹ سرورس کے تحت سوئیل کوریا کے جنگلات کے افسر کے طور پر سرکاری ملازمت کرتا تھا۔ جب میری سرکاری ملازمت 30 جون 2018 کو اختتام کو پہنچی، تو مجھے پبلک ایڈمنسٹریشن سیکیورٹی کی طرف سے ایک صدارتی تحسین سے نوازا گیا۔

میں سارا جلال خدا کو دیتا اور شکر گزار ہوں جن نے میری ساری زندگی کی زمہ داری لی اور میری معاونت کی ہے۔ میں سینئر پاسٹر کا بھی شکر گزار ہوں جنھوں نے کلامِ حیات کے وسیلہ سے میری پرورش کی۔



# "مجھے بدروح کے کام سے رہائی اور ذہنی دباؤ سے شفا ملی"

سسٹر حیو فوُنگ پینگ، عمر 43 سال، ملائشیا

جب میں چھوٹی تھی تو میری والدین میری زیادہ فکر نہیں کرتے تھے کیونکہ وہ دونوں کام کرتے تھے۔ یہاں تک کہ وہ بُری طرح سے مجھے مارتے پیٹتے تھے۔ دوسرے لوگ بھی مجھے نظر انداز کرتے تھے۔ اس لئے میں ہمیشہ خوفزدہ رہتی تھی، افسردہ تھی اور تنہائی محسوس کرتی تھی۔ مجھ میں اعتماد نہیں تھا اور جسمانی طور پر کمزور تھی۔

جب میں 14 سال کی ہوئی تو سنا کہ ایک عورت میرے پڑوس میں ہے جس نے خود کشی کر لی ہے۔ جب میں جائے حادثہ پر پہنچی، تو میرے ساتھ ایک عجیب کام ہوا۔ میرے اندر سے جینے کی خواہش ختم ہو گئی اور میں خود کو زیادہ تنہا محسوس کرتی اور سوچتی تھی کہ کوئی بھی مجھے پیار نہیں کرتا۔ یہاں تک کہ میں خود کشی کرنے پر آمادہ تھی۔

جب میری شادی ہو گئی، تو بھی میں منفی سوچوں سے بھری ہوئی تھی۔ میں شدید ذہنی دباؤ محسوس کرتی اور زیادہ تر یہی احساس رہتا کہ میں خود کو جان سے مار دینا چاہتی ہوں۔ اُسی وقت میں میں بائبل پڑھنے لگی اور چرچ گئی، لیکن یہ سلسلہ برقرار نہ رکھ سکی۔

2015 میں، میں کوالالمپور انٹر نیشنل کتاب میلے میں گئی۔ میری ملاقات سسٹر دیبورہ تانگ سے ہوئی جو ملائشیا مانمن پبلشر کی صدر ہیں، اور میں نے پاک انجیل کے بارے میں اور مانمن کی منسٹری کے بارے میں سنا۔ میں نے ڈاکٹر لی کی کتاب "شافی خدا" خرید لی۔

بعد ازاں، میں نے ڈبلیو سی ڈی این انٹر نیشنل کرسچن میڈیکل کانفرنس منعقدہ کوالالمپور میں شرکت بھی کی۔ لیکن میں ہنوز جسمانی اور روحانی طور پر بیماری تھی کیونکہ میں خدا کے کلام سے اچھی طرح واقف نہ تھی اور کوئی ایسا نہیں تھا جو سچائی تک میری راہنمائی کر سکتا۔

ستمبر 2016 سے، میں نے ڈاکٹر جے راک لی کے وعظ انٹر نیٹ پر سنے۔ میں نے سنا کہ خدا محبت ہے۔ میں نے جلد ہی مانمن میں رکنیت اختیار کی۔ میں نے اُن کے پیغامات سنے اور ہر روز ان سے دعا کرواتی تھی۔ لیکن میرے بدن میں کوئی ایسی چیز تھی جو اس کا سامنا نہیں کر پاتی تھی اس لئے مجھے دورے پڑنے شروع ہو جاتے تھے۔ میں نے اپنے خواب میں دیکھا کہ سینئر پاسٹر نے میرے لئے دعا کی ہے اور میری سوچیں صاف ہو گئی اور مجھے اطمینان مل گیا۔

اگست 2017 کے مانمن سمر ریٹریٹ میں میں مکمل شفا پانا چاہتی تھی۔ میں نے ڈاکٹر جے راک لے کا وعظ "صلیب کا پیغام" سنا اور اپنی دعا میں ماضی کی زندگی پر توبہ کی۔ آخر کار میں مانمن سینٹرل چرچ آئی۔ مجھے ایک بار پھر دورے پڑے کیونکہ بدروح خوف زدہ تھی کہ اسے نکال دیا جائے گا۔ وہ کہتی تھی کہ مجھ میں سے نہیں جائے گی لیکن میں نے کہا کہ وہ یقینا نکل جائے گی۔

مانمن سمر ریٹریٹ کی پہلی ہی رات جب سینئر پاسٹر نے دعا کی تو میرے ہاتھوں میں کپکپی محسوس ہونے لگی اور دورہ شروع ہو گیا۔ مجھ میں ایک لفظ بھی بولنے کی قوت نہ رہی تھی۔ میں ہوش میں تھی لیکن اپنے بدن پر میرا اختیار نہیں تھا۔ جب سینئر پاسٹر نے میرے لئے ایک بار پھر دعا کی تو بدروح میرے اندر سے نکل گئی، ہالیلویاہ!





سسٹر حیو فُونگ پینگ گواہی دے رہی تھیں کہ 2017 مانمن سمر ریٹریٹ کے دوران قدرت بھری دعا کے وسیلہ سے بدروح اُن کے اندر سے نکل گئی۔

GCN جی سی ان
(گلوبل کرسچن نیٹ ورک)
فون:82-2-824-7107
فیکس:82-2-813-7107
www.gcntv.org
webmaster@gcntv.org

WCDN
(ورلڈ کرسچن ڈاکٹرز نیٹ ورک)
فون:82-2-818-7039
فیکس:82-2-830-5239
www.wcdn.org
wcdnkorea@gmail.com

MIS
(مانمن انٹرنیشنل سیمنری)
فون:82-2-818-7331
فیکس:82-2-830-3310
www.manminseminary.org
manminseminary2004@gmail.com

کتب اُوریم
فون:82-70-8240-2075
فیکس:82-2-869-1537
www.urimbooks.com
urimbook@hotmail.com